علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبۂ اردو

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: سرسید کی فکری جہات (9031) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس اردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ 1 تا 4)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: سرسید احمد خان کی تصانیف کا جامع تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال 2: سرسید کے ذہنی و فکری ارتقا پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 3: علی گڑھ تحریک کی تاریخ پر جامع مضمون قلم بند کریں۔ (20)

سوال 4: جدیدیت سے کیا مراد ہے؟ سرسید کی جدیدیت پر سیر حاصل بحث کریں۔ (20)

سوال 5: ۱۸۵۷ء تک سرسید کی فکر کے بنیادی عناصر پر تفصیل سے لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: تصورِ فطرت اور عقلیت پسندی کے حوالے سے سرسید افکار کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 2: مضمون نگاری کے میدان میں سرسید کی خدمات کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3: سرسید سے اردو صحافت کے دورِ زریں کا آغاز ہوتا ہے۔ وضاحت کریں۔ (20)

سوال 4: برِصغیر میں سرسید کے سیاسی نظریات کے دوررس نتائج مرتب ہوئے۔ وضاحت کریں۔ (20)

سوال 5: فکرِ سرسید پر ردِعمل کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ (20)